کیڈٹ کالج کلر کہار

کہارین گرلز کیڈٹ کالج کلر کہار

وقت:60منٹ — **امتحان داخلہ۔سالِ اول2023ء** — **کل نمبر:50**

(پرچہ:اردو/اسلامیات)

سوال نمبر1:درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔ (10)

1۔ دور حاضر کے تعلیمی مسائل اور ان کا حل

2۔ موبائل کے انسانی زندگی پر مضر اثرات

سوال نمبر2:درج ذیل شعر کی تشریح کریں۔ (5)

یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر!

ہے جسارت آفریں شوق شہادت کس قدر!

سوال نمبر3:درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔ (5)

حشر برپا کرنا۔ خدا لگتی کہنا۔ دانت کھٹے کرنا۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔ زبان زدعام ہونا۔ عید کا چاند ہونا۔

سوال نمبر4:مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

1۔استعارہ اور تشبیہ میں فرق بتائیں۔

2۔مرکب تام اور مرکب ناقص سے کیا مراد ہے؟

3۔غزل کس اعتبار سے نظم سے مختلف ہوتی ہے؟

4۔مضمون کی تعریف کریں اور اس کی اقسام تحریر کریں۔

5۔مجاز مرسل سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر5:درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

مادر ملت فاطمہ جناح مرحومہ، پاکستان کی بانی نہیں تو قائداعظم کی دست راز ست اور جانثار بہن ہونے کے ساتھ ساتھ جنگ آزادی کے ہر اول دستے میں خواتین کی رہنما بہر حال تھیں۔بلند کردار، جفاکش بہن گھر کی چار دیواری میں عظیم بھائی کی محافظ و نگہبان، ذہنی سکون اور کار سیاست و قیادت میں معاون، میدان عمل میں مسلم خواتین کے لیے نشان عزم و استقلال، جہاد حریت کے ہر معاملے میں انہیں بھائی کا آئینہ دیکھا گیا۔وہی خلوص و جفاکشی، ملت پر قربان اور اصولوں پر ثابت قدمی۔لوگ ان سے محبت بھی کرتے تھے اور ان کے ادب و احترام میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ ہونے دیتے تھے۔

سوالات:

1۔بانی سے کیا مراد ہے پاکستان کا بانی کون ہے؟

2۔دست راست اور ہر اول دستے سے کیا مراد ہے؟

3۔پاکستان بننے میں فاطمہ جناح کا کیا کردار ہے؟

4۔فاطمہ علی جناح کی شخصیت کے نمایاں پہلو بیان کریں؟

5۔عبارت کا مرکزی خیال بیان کریں۔

سوال نمبر6: (الف)روزہ انسانی زندگی میں کس طرح تقوی پیدا کرتا ہے؟ (5)

(ب)"نماز دین کا ستون ہے" وضاحت کریں۔ (5)

کیڈٹ کالج کلر کہار

کہارین گرلز کیڈٹ کالج

وقت:50 منٹ | امتحان داخلہ۔ سالِ اول 2022 | کل نمبر:50

(پرچہ۔ اردو)

سوالنمبر 1: درج ذیل عنوان پر مضمون قلمبند کریں۔ 10

"نظم وضبط کی افادیت"

سوالنمبر 2: درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔ 10

1 سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

2 جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار — جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار

سوالنمبر 3: فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال دیں۔ 5

سوالنمبر 4: درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10

چشمہ حیات۔ آنکھیں کھلنا۔ بالشت بھر۔ عملِ پیہم۔ شایانِ شان۔

سوالنمبر 5: تذکیروتانیث کو مدِنظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ 5

۱۔ جو میسر آیا، اِسی پر اکتفا کی

۲۔ شاعر نے اپنا بیاض کھول لیا

۳۔ کھٹی دہی میں چینی ملا لو

۴۔ شجر کاری صدقہ جاریہ ہوتا ہے

۵۔ زخم پر مرہم لگی تو سکون ملا

سوالنمبر 6: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 10

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اِس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور وفکر کی ضرورت ہے جس طرح کے دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک اِنسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اِسی طرح اچھی کتابیں دل ودماغ اور عادت واطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اِخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اِسی طرح بری کتابیں پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مزہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ اِنسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

الف: اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجئے۔

ب: کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ج: بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

د: خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

ہ: طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟